● **عکس سیرت** ترتیب: سید فضل الرحمٰن توقیت: پروفیسر ظفر احمد
صفحات: ۹۶ قیمت: ۷۰روپے ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی

اس کتاب میں سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے تقریباً تمام اہم واقعات توقیتی جداول میں پیش کیا گیا ہے۔ پہلی بار واقعاتِ سیرت کی تاریخوں کے اختلافات کا حل توقیت کے مسلمہ اصولوں کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے۔

پروفیسر ظفر احمد لکھتے ہیں

''سیرت طیبہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے کوئی دوتہائی واقعات کی توقیت قمریہ شمسی تقویم اور کوئی ایک تہائی کی خالص قمری تقویم میں اور متعدد واقعات کی تقاویم میں ہوئی ہے۔ قمریہ شمسی اور قمری تقویم کے محرم سے ذی الحجہ تک مہینوں کے نام یکساں تھے۔ اسی سے توقیتی اختلاف اور تضادات پیدا ہوئے۔ عالم اسلام میں غالباً صرف برصغیر کے بعض متاخرین اہل سیر نے بیسویں صدی عیسوی میں ان توقیتی اختلافات سے عہدہ برآ ہونے کی مساعی جاری رکھیں لیکن یہ کوشش کماحقہ پوری نہ ہوسکیں۔''

تحقیق کرنے والوں کے لیے یہ کتاب بہت اہمیت رکھتی ہے۔ ہر چند کہ یہ کتاب مختصر ہے لیکن اس کی اہمیت ضخامت کی مرہون منت نہیں ہے۔

● **ماہنامہ تعمیر افکار** (اشاعت خاص، سیرت پارے) مدیر اعلیٰ: حافظ حقانی میاں قادری مدیر: سید عزیز الرحمٰن
صفحات: ۹۶ قیمت خاص شمارہ: ۸۰روپے ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی

اس شمارے میں ساٹھ کے قریب مسلمان سیرت نگاروں کی اردو تحریروں سے انتخاب کیا گیا ہے۔ اس کے مدیر سید عزیز الرحمٰن نے بہت خوبصورت گزارش بارگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کی۔

''یہ نہ کوئی تحقیق ہے نہ تالیف ہے نہ کوئی علمی کاوش۔ بس ایک سوت کی انٹی ہے اور ایک خوش عقیدہ بڑھیا کی سنت، ورنہ بارگاہ رسالت مآب میں یہ سطریں کیا قیمت رکھتی ہیں؟ کچھ بھی نہیں، ذرہ بھی شاید اس سے زیادہ وجود وقعت کا حامل ٹھہرے۔''

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ نے فرمایا

''میں حیران ہوتا ہوں کہ خدا نے جس قوم کو آمنہ کا لعل دیا ہو جسے امام الانبیاء، فخر رسل، باعث کل پیغمبر آخر الزمان دیا ہو اسے اور کیا چاہیے۔''

''الحمراء'' (لاہور) کے جولائی کے شمارے میں امین راحت چغتائی صاحب کی حمد باری تعالیٰ دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ حسنِ اتفاق دیکھئے کہ یہی خیال ان کے ایک شعر میں نظر آیا:

ہمیں پیغمبرِ رحمت کی صورت دے دیا سب کچھ
ہمارے حال پر ہو اس سے بڑھ کر اور کیا احساں

مولانا سید مناظر احسن گیلانی نے فرمایا